کر دی تھی فرمایا کہ اسکو بجز جناب رسول اور کسی کے حوالہ نکرنا بلال اوسکو
لیکر قتلگاہ سے روانہ ہوئے کہ جس مقام پر کشتے اوسکے عزیزوں کے پڑے
ہوئے تھے جونہیں نظر صفیہ اوسکی ان عزیزوں کے کشتوں پر پڑی ایسی حالت
اوسپر ہوئی کہ قریب تھا روح جسم سے نکل جائے اسی حالت سے بلال نے حاضر
خدمت رسول کیا آپنے اوسکے چہرہ کی تیرہ گی اور حزن و غموم ہویدا دیکھی
جب وجہ دریافت کی تو بلال پر نظر تند و عتاب آمیز فرما کر ارشاد کیا
ای بلال کیا تیرے دل سے رحم نکال لیا گیا ہے کہ عورتوں کو اونکی عزیزوں
کے کشتوں کی سامنے لیتے ہو میں ایسے ظلم کا مروتی علماء اپنی کتابوں
کیوں مومنین کس قدر تغیر حضرت خدا کو ہوا ہوگا جس وقت اونکی نور سپاہ جناب
امام مظلوم کو شتران برہنہ پر سوار کرکے قتلگاہ سے لیکر چلی ہونگی

کسقدر رنجیدہ اون بیچاریوں پر ہوا ہوگا راوی کہتا ہے جب اون رانڈوں کا لشکر

اور لڑکیوں صغیر و اطفال خوردسال کو عین غارت اسباب میں تشنہ

کے حلق تو ہم نے انہیں و حلق تشنگاہ کربلا سے روانہ ہوئے آہ جو ہین وہ بیچارے تشنہ

میں پہونچی اور نعشہائے سر کو بریدہ دیکھا تو بے اختیار ہوکر اونکی

گر پڑے اور ہر ایک اپنی اپنی وارثوں کے نعشوں سے لپٹ گئین مادر علی اکبر

نعش علی اکبر پر گریہ و زاری شروع کی مادر قاسم نے اپنی فرزند کی نعش

میں علی اسیطرح سب بیبیاں فضہ و حمیدہ و علیہ و فاطمہ تھیں اور اپنی

پر لوٹیہ جاتی تھیں جناب زینب اپنی بھائی کی نعش کے نزدیک میں

امام حسین قدس سرہ اور رونا شروع کیا کہ جو

آخر بہت نعش کی نہ تھی شہید و کل ایک نعش کو دیکھا کہ جسم مبارک زبان

گذرے تھی کہ سر کیا گیا ہے کی پل رنگ

ہے چار ہزار زخم تیر چار ہزار کیسو زخم تلوار و نیزہ کی

چونکہ زیادتی بعد قرب و منزلت ہے تھا کہ یہی نعش امام

دیکھکر بیتاب ہوگئیں اور بے اختیار نعرہ ہذا حسین سے کیا۔ محتشم

بے اختیار نعرۂ ہذا حسین زد ۔ سر زد چنانکہ آتش ازو در جہاں فتاد

بہ آواز حزین و دل غمگین جناب رسول خدا کیطرف خطاب کرکے کہا ھٰذَا

حُسَیْنٌ مُرَمَّلٌ بِالدِّمَاءِ مُقَطَّعُ الْاَعْضَاءِ یہ تمہارے حسین ہیں

کہ اونکا جسم خون سے رنگین کیا ہے اور اوسکے اعضاء بدن کو پارہ پارہ کیا ہے

بَنَاتُکَ سَبَایَا اِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی یَا مُحَمَّدَا اے ناناجان ہم آپکی نواسیاں

ہیں کہ قید کر کے لائی جاتی ہیں اپنی مصیبت کی شکایت خدا سے ہے اور یہ

ھٰذَا حُسَیْنُکَ مَجْزُوْزُ الرَّاْسِ مِنَ الْقَفَاءِ مَسْلُوْبُ الْعِمَامَۃِ

وَالرِّدَاءِ اے ناناجان یہ آپکے حسین ہیں کہ اونکا سر پشت گردن سے

قطع کیا ہے اور عمامہ و ردا کو غارت کرکے لیگئیں ہیں ھٰذَا الَّذِیْ قَدْ

کُنْتَ تَلْثِمُ نَحْرَہٗ اَمْسٰی نَحِیْرًا مِنْ حَدِّ ضِبَائِھَا

اے جد بزرگوار یہ وہ حلق حسین کا ہے جسکے گلے کو آپ بوسہ دیا کرتے تھے آج نیزے

وا محمداہ صلی علیک ملیک السماء ۔ سہو

یا حزناہ یا کرباہ الیوم مات جدی رسول اللہ ۔ سہو

ایسے حالت مین شام کی ہے کہ تیزی دم شمشیر سے اوسکا گلو قطع کیا گیا ہے

مِن بَعدِ هِجرَتِكَ يا رَسُولَ اللهِ قَد اُلقِيَ طَرِيحاً فِي ثَرَى المِضمَار

یا رسول اللہ یہ وہ جسم ہے کہ آپ نے اوسکو آغوش مین پرورش فرمایا تھا اب

پیر آپکے نعش پارہ پارہ سمون سے روندی ہوئی ہے اوسکو ریگ گرم پر ڈالدیا

اپنی برادر بیدرد پر توجہ کیا اور ارشاد کیا بِأَبِي مَن عَسكَرُهُ يَومَ الاِثنَين

نَهبا مین فدا ہو جاون ایسے مظلوم پر کہ جسکا لشکر روز دوشنبہ تاراج ہوا

بِأَبِي مَن فُسطَاطُهُ مُقَطَّعُ العُرَى فدا ہو جاون ایسے مظلوم پر کہ

جسکا خیمہ لوٹ لیا گیا اور اوسکو واژگون کیا بِأَبِي مَن لا هُوَ

غائِبٌ فَيُرتَجَى وَلا جَرِيحٌ فَيُداوَى فدا ہو جاون ایسے

مظلوم پر کہ نہ سفر مین گیا ہے جسکے واپس ہونیکی امید کیجاوے اور نہ ایسا

زخمی ہے کہ اوسکے زخم مرہم پذیر ہون بِأَبِي المَهمُومِ حَتَّى قُضِي

بِأَبِي العَطشَانِ حَتَّى مَضَى فدا ہو جاون ایسے مظلوم پر

که بو رنج و تکلیف میں مبتلا رہنا تھا دنیا سے گذر گیا فدا ہو جاؤں اوس
تشنہ پر جسکو تیرے وقت ایک قطرہ پانی کا نہ ملا بِأَبِي مَنْ شَيْبَتُهُ
تُقْطِرُ بِالدِّمَاءِ فدا ہو جاؤں ایسے مظلوم پر کہ اوسکی داڑھی سے
ابتک قطرات خون جاری ہیں فدا ہو جاؤں آپ پر اے سبط محمد فدا
و نورِ خدیجہ کبریٰ و فرزند علی مرتضیٰ و نور دیدہ فاطمہ زہرا اَلْیَوْمَ
مَاتَ جَدِّي رَسُولُ اللهِ يَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّةُ
الْمُصْطَفٰى يُسَاقُونَ سَوْقَ السَّبَايَا گویا آج ہے جد امجد جناب
رسولخدا نے دنیا سے رحلت فرمائی تھی کیونکہ سوائے اصحاب رسول
ذریتہ و عترت رسولخدا تھے کہ اوسکو قید کرکے لئے جاتے ہیں راوی کہتا ہے
فَأَبْكَتْ وَاللهِ كُلَّ عَدُوٍّ وَصَدِيقٍ یعنی جناب زینب نے قسم بخدا
سب دشمن اور دوست رونے لگے حتی کہ بروایت منتخب سپاہیان مخالف کو
بھی دیکھا کہ اونکی اشک اونکی رخسار تک جاری تھی صاحب منتخب شیخ فخر الدین نے

روایت کی ہے کہ جب ام کلثوم نے اپنے برادر مظلوم کو دیکھا کہ برہنہ جسم

خاک پر پڑے ہوئے ہیں اور کئی ہزار زخم لگے ہوئے ہیں خاک اور خون

ہو اسوجہ سے پڑی جاتی ہے بے اختیار ہو کر اونٹ سے گر پڑیں

اور آغوش میں لیا اور گریہ و نالہ کر کے فرمانے لگیں یا محمد رسول

الله انظر الی حسینا ولدک ملقی علی الارض بغیر غسل

وکفنه الرمل السافی علیه ای رسول الله ای نانا

ذرا اپنے فرزند حسین کو ملاحظہ کیجئے کہ کس طرح سے بغیر غسل زمین پر پڑے

ہوئے ہیں اور کفن انکا ریگ بیابان ہے اور گرد پڑی ہے

غسل انکا انکے خون سے دیا گیا ہے وهولاء اهل بیتک

یساقون اساری اور یہ سب انکی ذریت ہیں

قید کر کے دشت سے بطرف یزید لیجاتے ہیں اور کوئی دوست نہیں ہے کہ ان سے

دفع شر کرے اور یہ انکا سر کٹا ہے انکی دلدادہ

سر وہی ساتھ نوک نیزہ پر بلند کیا ہے — کیونکہ تو نہیں کیا غبار خضاب

ام کلثوم کا کھنچی ہایہ اور بہنیں سب ہائی کے غش پر روتے ہائیں نہیں آہ

جو ہیں لکھا وہیں صاحب کی صفت پر پڑی جا کہ اوسکو غش پر اور ہے

چہرہ اٹھی مگر وہ منظر نہ ہاتی تھیں آخر یہ زبردستی چھوڑا یا آہ تنہا رہ گیا

کہ یہ جبیر طمانچہ زہر ہا یہ کہ بازو پا گیسو کھینچی کی اہرشا کہاں غیرت رسد ملی

کہ اپنی فرزند کو سر نیزہ پر بامحرمان دیکھی — تا کیسا انکو دیکھ پر سوار کیا ہے

اشک چشم سے ہر ہر جاری تھی — سب سے زیادہ جگر در آتش

یہ ہے کہ سید ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ جناب سکینہ نے جب جسم مطہر

کو بے سر اور خاک و خون میں آغشتہ دیکھا تو دوڑتے دوڑتے آئیں اور

نعش بے سر پر بیتاب ہو کر گر پڑیں اور اسقدر روئیں کہ روتے روتے

غش آگیا جناب سکینہ فرماتی ہیں میں عالم غش میں سنا کہ میرے پدر بزرگوار نے

ای سکینہ میرے شیعوں سے کہدینا شیعتی ما ان شربتم ماء عذب فاذکرونی

تَذْكُرُوْنِیْ اَوْ سَمِعْتُمْ بِحَدِیْثٍ اَوْ غَرِیْبٍ فَانْدُبُوْنِیْ

ای میرے شیعو جب آب خوشگوار پینا تو مجھکو یاد کرنا اور جب کسی

غریب یا شہید کو دیکھنا تو میرے غریبی و بیکسی پر گریہ کرنا وَاَنَا السِّبْطُ

الَّذِیْ مِنْ غَیْرِ جُرْمٍ قَتَلُوْنِیْ وَبِجُرْدِ الْخَیْلِ بَعْدَ الْقَتْلِ

عَمْدًا سَحَقُوْنِیْ آخر میں فرزند تمہارے پیغمبر کا ہوں کہ مجھکو بیجرم

گناہ قتل کیا اور پھر بھی کچھ رحمت نہ کی یعنی دنیا بیکسی کہ بعد قتل ہمہ مجھکو

سم ستان کیا لَیْتَكُمْ فِیْ یَوْمِ عَاشُوْرَا جَمِیْعًا تَنْظُرُوْنِیْ

كَیْفَ اَسْتَسْقِیْ لِطِفْلِیْ فَاَبَوْا اَنْ یَرْحَمُوْنِیْ کاش تم لوگ

روز عاشورا موجود ہوتے اور دیکھتے کہ میں کسطور سے تشنہ لب

علی اصغر کیواسطے پانی مانگتا تھا اور وہ لوگ نہ دیتے تھے اور رحم نہ

وَسَقَوْهُ سَهْمَ بَغْیٍ عِوَضَ الْمَاءِ الْمَعِیْنِ یَا لَرُزْ

وَمَصَائِبَ عِدَّةً اَرْكَانَ الْجُنُونِ عرض میں یہ کہ تیر
سے بچی کے حلقوم پر یا فریاد اس مصیبت سے کہ ارکان سدرہ کو منہدم کر دیا
وَيْلَهُمْ قَدْ جَرَحُوا قَلْبَ رَسُولِ الثَّقَلَيْنِ فَالْعَنُوهُمْ
مَا اسْتَطَعْتُمْ شِيعَتِي فِي كُلِّ حِينٍ وا اس زدہ پر
کہ قلب جناب رسول خدا کو مجروح کیا ای شیعو جس قدر ممکن ہو ان پر لعنت کرو
راوی لکھتا ہے کہ جناب سکینہ کی یہ حالت تھی کہ جب ہوش آتا تھا
تو اپنے سر و صورت پر طمانچے مارتیں اور اپنے بال نوچتیں اور بیہوش
ہو جاتیں آہ وہ بچی ایسی حالت میں تھی [illegible] دلاسہ دینے کی
اور نہ کوئی ایسا تسلی دینے والا بھی نہ تھا البتہ ایک جماعت عرب بیدین کی اور اس
بچی کے جسم کو غارت کرتے تھے [illegible] فی القلب تھا ہر چند [illegible]
کہ ان کو [illegible] اس صغیر سن کی بیکسی پے [illegible] آخر وہ
[illegible] اجتماع زبردستی [illegible] سے ایذا دیکر [illegible] کیوں [illegible]

وہ اذیت کیا تھی عابد کا کھانا پینا چھوٹ گیا اور اسکے وجہ سے رخ منور پیلا ہو گیا

پاؤں کہ بازو و گیسو کھینچے ہوئے تھے یا حسب عادت خود تازیانہ ہاتھ میں رہتا

کتاب کامل الزیارہ میں بروایت ابن قولویہ نقل کیا ہے کہ ہمراہ اہلبیت اطہار

بیمار کربلا سید ساجدین کو بھی ایک شتر برہنہ پر سوار کیا تھا اور چونکہ بیمار تھے

نقاہت سے سنبھل کر نہ بیٹھ سکتے ہوں تو اوسکی تدبیر یہ کی گئی تھی کہ غل و زنجیر

سے آپ کو باندھ دیا تھا اور اوسی حالت سے قتلگاہ میں لا کر حضرت کے

فرماتے ہیں جو میں نے نظر کی جسمہائے پارہ پارہ اعزا و پدر بزرگوار پر پڑی

کہ خاک و خون میں آلودہ ریگ گرم پر پڑے ہوئے ہیں اور کوئی اونکو دفن

نہیں کرتا تو اسقدر قلق و اضطراب ہوا کہ قریب تھا میری روح جسم سے نکل جائے

جب میری یہ حالت زینب پر آشکار ہوئی ہے یہ حالت مجھ میں مشاہدہ کی

تمام تسلی میں فرمایا مالی اراک تجود بنفسک یا بقیۃ

جدی و ابی و اخوتی یعنی اے بقیہ جد و پدر و برادر کیوں ہمیں یہ دیکھتی ہوں

کہ تمہاری روح جسم سے مفارقت کرنے والی دیکھتی ہوں میں تم کو

ای پھوپھی پھر میں نے جو مذبح پر نظر کی تو دیکھا کہ زمین اپنی آقا اور بھائیوں

اور چچاؤں اور بھتیجوں اور اپنی قوم کو دیکھتا ہوں کہ زمین پر پڑے ہوئے ہیں

انکے اجسام کو خون سے رنگین کیا ہے کپڑے بھی بدن پر نہیں چھوڑا ہے اور پھر بھی

نہ کوئی کفن دیتا ہے اور نہ دفن کرتا ہے اور نہ کوئی انکے پاس آمد و رفت رکھتا ہے

كَأَنَّهُمْ أَهْلُ بَيْتٍ مِنَ الدَّيْلَمِ وَالْخَزَرِ گویا انکو مسلمان نہیں جانتے

اور کافر خیال کرتے ہیں پھر پھوپھی زینب نے کہا ای نور دیدہ تم گھبراؤ

اسواسطے کہ خبر تمہارے جد و پدر و عم نے دی ہے اور خدا نے عہد و میثاق اس

ایک گروہ سے لیا ہے کہ فرعون اس امت کے انکو نہیں پہچانتے اور وہ آسمانوں

میں مشہور ہیں وہ لوگ انکے اجسام خون آلودہ کو دفن کرینگے اور انکے اعضا

متفرقہ کو جمع کرینگے اور ایک علامت تمہارے پدر عالیقدر کی قبر پر ہو سکے

قائم کرینگے کہ اثر اوسکا زمانہ کے گذرنے سے مفقود و منہدم نہوگا اور اگرچہ ائمہ کفر

اوسکے برطرف ہونیکی کوشش کرینگے لیکن اثر اوسکا روز بروز ظاہر ہوگا اور شان

اوسکی عظیم ہوتی جائیگی ـ

مصائب کے زمانہ میں تعقیب [illegible]

حالت روانگی امام حسین علیہ السلام از مدینہ

شیخ سعید و سید جلیل علی بن طاؤس رحمۃ اللہ و ابن شہر آشوب وغیرہ علمائے اعلام نے تحریر فرمایا ہے کہ

کہ جب معاویہ راہی دار البوار ہوا اور اس کی جگہ پر یزید فرزند اس کا تخت سلطنت پر بیٹھا

چونکہ ہر دم حق کے مقابل ایک باطل اور ہر موسیٰ کے لئے ایک فرعون ہوتا ہے لہذا اس کو

خیال آیا دل میں جگر گوشۂ رسولخدا شروع ہوا یعنی لکھا اس نے ولید بن عتبہ [illegible]

یعنی بھیجا عتبہ بن ابی سفیان کو خط لکھا کہ مجھ سے بیعت حسین بن علی اور عبداللہ بن عمر و [illegible]

ابن شہر آشوب عبدالرحمن بن ابی بکر سے لے اور اگر انکار کریں تو ان کے سر کاٹ کر

میرے پاس بھیجدے جب خط اس کا پاس پہنچا اور اس نے بیعت چاہی تو [illegible] حضرت [illegible]

ولیکن بعد تقیہ نہ مانی [illegible] آپ نے ترک [illegible] کا قصد کیا اور [illegible]

یعنی [illegible] ترک کرکے سامان سفر درست فرمایا چند شب قبل خروج بحرمن وداع روضہ مبارکہ

جد بزرگوار حضرت رسولخدا پر گئے ایک نور قبر مطہر سے ساطع پایا آپ نے [illegible]

اور دوسری شب کو پھر بغرض وداع گئی اور جنبہ رحمت کی زیارت سے بعد اونکی شہادت کی

اور عرض کیا اللهم هذا قبر نبيك وانا ابن بنت نبيك

قد حضرني من الامر ما قد علمت یا رب یہ تیرے پیغمبر کی قبر ہے

میں تیرے پیغمبر کا نواسہ ہوں اور مجھ پر ایک سیہ پیش آئی ہے جیسی تجھ کو معلوم ہے خداوندا میں نیکی

کو دوست رکھتا ہوں اور بدی کو برا سمجھتا ہوں تجھ سے بحق اس قبر و بحق صاحب قبر

کرتا ہوں کہ ایسے چیز کو اختیار فرما جس میں تیری اور تیرے رسول کی خوشنودی ہو

رات بہت روئی اور صبح تک روتے رہے پھر سر مبارک رکھا تو آپکو نیند آگئی

میں دیکھا کہ جد بزرگوار ہمراہ گروہ ملک کے داہنی بائیں آگے احاطہ کئے ہوئے

اور قریب آکر اپنی فرزند کو سینہ سے لگایا اور دونوں آنکھوں کی درمیان میں بوسہ

اور فرمایا حبیبی یا حسین کأنی اراک عن قریب مرملا

مذبوحا بارض کربلا بین عصابة من امتی وانت بی

عطشان لا تسقی وظمان لا تروی ای حبیب ای میرے

تو میں دیکھتا رہتا ہوں کہ تجھکو ستمگار ذبح کر رہے ہیں اور تیرا جسم خون میں رنگین ہو رہا ہے

اور تیرے زمین پر بلا پر پڑا ہوا ہے ایک گروہ تیری امت کا جمع ہوگا اور تو پیاسا ہوگا اور پانی

نہ ملیگی اور اوسی تشنہ و جگر برشتہ تجکو ذبح کرینگے اور پھر بھی امید شفاعت

رکھتے ہونگے حاشا کہ شفاعت اونکو نصیب نہ ہوگی حبیبی یا حسین ان

اباک وامک واخیک قدموا علی وهم مشتاقون الیک

ای نور دیدہ اور ای حبیب دل غمدیدہ تمہارے باپ وماں و بھائی میرے پاس آ

گئے ہیں سب تمہارے مشتاق ہیں وان لک فی الجنان درجات لن تنالها

الا بالشهادة تمہارے واسطے جنت میں چند منازل مقرر کیے ہیں کہ اون تک

تم نہ پہونچوگے مگر بعد شہادت اوسوقت امام حسین نے اپنے جد بزرگوار کی طرف

نظر کی اور عرض کیا یا جداه لا حاجة لی فی الرجوع الی الدنیا فخذنی

الیک وادخلنی معک ای نانا جان مجھے دنیا میں واپس جانیکی کوئی ضرورت نہیں

مجھکو اپنے ہمراہ لیتے چلیے اور رنج وغم دنیا سے رہائی دیجیے حضرت نے فرمایا ضرور ہیکہ

کہ انبیا میں جا بجا چارہ نہیں کیونکہ خدا نے جو تمہارے واسطے درجات شہادت مقرر فرمائے ہیں

وہ بغیر شہادت نہیں مل سکتی ۔ حضرت نے جب یہ خواب دیکھا مستفسر

ہراساں خواب سے بیدار ہوئے اور اپنی غریبی و مظلومی کو اہلبیت سے بیان فرمایا تمام اہلبیت

اس خبر جانکاہ کو سنکر گریہ و زاری کرنے لگے کہ ایک شور گریہ خانوادہ رسالت میں بلند

اور مشرق و مغرب عالم میں گونج گیا اور اس اہلبیت کے زبان اندوہ نشان

آپ آمادہ سفر ہوئے اور اسباب درست کرنے لگے اور شب کو وقت

تربت مادر گرامی پر آئے بعض کتب میں منقول ہے کہ اپنی مادر پر سلام کہا اور

علیک یا اماہ ۔ سے فرزند آپ کا حسین ہے کہ آپ کو رخصت کرنے آیا ہے اور

زیارت یہ نسبت قبر مطہر آپ آخری ہے ۔ ناگاہ قبر مطہر جناب فاطمہ زہرا سے آواز

آئی علیک السلام یا مظلوم الام و یا شہید الام و یا غریب

اس آواز کو سنتے ہی تاب نہ لا کر بیہوش ہو گئے آپ پر ایسا ہوا کہ آپ قدرت کلام

پھر آپ قبر برادر مظلوم پر تشریف لے گئے اور اس کو بھی وداع فرمایا جب صبح

مقام پر روانہ ہوئے اور خانوادہ کو حکم دیا کہ کوچ کریں تا کہ خاتون

ناگاہ محمد بن حنفیہ آپ کے بھائی کو آپ کی روانگی کی اطلاع ہوئی اور خدمت برادر

میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا اخی انت احب الخلق الی واعزهم

علی اے بھائی تم میرے نزدیک تمام خلق سے زیادہ پیارے اور محبوب ہیں اور حیف صد

ہزار حیف کہ آپ مجھ سے فرمائیے آپ نے کہاں کا ارادہ کیا ہے کہاں جاتے ہیں کیا آپ نے اپنی نانا

کی قبر سے رخصت بزرگوار کی اپنی اقربا و عزیزوں کو کس سے سونپا اپنے شیعوں کی مفارقت کیسے

گوارا کی اے بھائی مجھے خوف ہے کہ آپ ایسی قوم میں جاتے ہیں کہ وہ لوگ آپ کی مخالفت

کرینگے اور آپ اور آپ کے اہلبیت کی جان کے دشمن ہیں کہ بہتر ہے جانو مکہ میں مشرف بحرمت

میں آجاویں حضرت نے فرمایا اے بھائی کیا کروں کہاں جاؤں کیا تدبیر کروں اگر

ان شیعوں سے تو جلی یا مدینہ میں رہوں عرض کیا کہ جانب مکہ جائیے اور جلدی سے بھی

اگر آپ سے دشمنی بزرگوار کی اور متعرض ہوئے تو یمن چلے جائیے وانہ بلاد محل سلامت

ہیں اہلبیت فانہم انصار جدک و ابیک وہم ارأف الناس وارقہم

قلوبا واوسعہم بلادا کیونکہ اہل یمن آپ کے جد و پدر کے معین و مددگار ہیں اور

لوگ رؤف و مہربان ہیں دل ان کا نرم ہے آپ کے ضعیفوں پر رحم کرینگے اور ملک ان کا وسیع

پناہ دینگے اہل شہر بھی وسیع ہیں اور آپ کا ایک پیشہ اور نیز گریزان بھی ہوگا فان

اطمانت بک الدار والا لحقت بالرمال وشعوب الجبال اگر یہ

اطمینان ہو وہاں تو بہتر ہے ورنہ صحرا و ریگ اور شعب کوہ میں پنہاں رہ کر

گزر کرنا عراق نہ جائیں اور دام فریب کوفیوں میں نہ آئیں حضرت نے فرمایا یا اخی

والله لو لم یکن فی الدنیا ملجاء ولا ماوی لما بایعت یزید بن معاویہ

اے برادر اگر دنیا میں کہیں ملجا و ماویٰ نہ ہو اور بیابان و کوہ میں بھی زندگی بسر کرنا ہو

یزید بن معاویہ کی بیعت نہ کرونگا یہ سنکر محمد بن حنفیہ فراق برادر میں ایسا

روئے کہ آپ بھی بہت روئے ۔

بعد اس کے آپ نے دوات و قلم طلب کیا اور اپنے بھائی محمد کو وصیت نامہ لکھا اور اس میں

بنی ہاشم کو اس مضمون کا لکھا کہ جو مجھ سے ملحق ہوگا وہ شہید ہوگا اور جو مجھ سے تخلف کرے

وہ فتح و فیروزی نہ پاویگا اور ایک شخص کو دیا کہ بنی ہاشم کو دیدے ۔

بعد اس کے آپ نے حکم دیا کہ دختروں اور عورتوں کو محملوں اور کجاووں میں سوار کریں

ذوالجناح طلب کر کے آپ سوار ہوئے ۔

ابن قولویہ نے کتاب کامل الزیارۃ میں روایت کیا ہے کہ جب آپ جا کر مدینہ میں

داخل ہوئے تو زنان بنی ہاشم و طائفہ عبد المطلب ہر جانب سے آئیں اور

آپ کے گرد حلقہ کر لیا اور مثل پروانہ گرد شمع ہدایت و امامت پر نثار تھیں اور مثل

ابر نوبہار گریہ و زاری کرتی تھیں اور فراق حضرت میں مثل ماہی بے آب بیتاب تھیں جب آپ نے یہ صورت

ان کی دیکھی فرمایا أُنْشِدُكُنَّ اللهَ أَنْ تُبْدِينَ هٰذَا الْأَمْرَ مَعْصِيَةً لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ

میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ عنان صبر ہاتھ سے نہ دو اور بیتابی ظاہر نہ کرو اور راہ معصیت

خدا و رسول پر مت چلو اور قضائے خدا پر راضی رہو اور حکم خدا پر مستعد ہو جاؤ عمتہ زینب نے اور ان

دل سوختہ نے عرض کیا فَلِمَنْ نَسْتَبْقِي النِّيَاحَةَ وَالْبُكَاءَ اگر آپ پر نوحہ

گریہ نہ کریں تو پھر کس کے واسطے روئیں گی آج تو ہمارے نزدیک وہ ایسا ہے کہ گویا ہم پر

گزرا ہے مثل مصائب رسول و علی مرتضی و فاطمہ زہرا و حسن و رقیہ و زینب و ام کلثوم

نے دنیا سے رحلت کی ہمارے خاندان آپ پر سے فدا ہو جاویں اے یادگار رفتگان

ناگاہ ایک عمہ حضرت سامنے آئیں اور فرمایا اے نور دیدہ میں نے سنا ہے کہ جن تجھ پر گریہ کرتے ہیں

اور مثل شہادت آپ کے مجلس عزا کو قائم کیا ہے اور رات میں

فَاِنَّ قَتِیلَ الطفِّ مِنْ اٰلِ ہَاشِمٍ اَذَلَّ رِقَاباً مِنْ قُرَیْشٍ فَذَلَّتِ

حَبِیبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَمْ یَکُ فَاحِشاً اَبَانَتْ مُصِیْبَتُکَ الْاُنُوفَ فَجَلَّتِ

شہید طف کربلا نے جو آل بنی ہاشم سے قریش کی گردنوں کو ذلیل کر دیا یعنی

اونکی شہادت سے تمام قریش ذلیل ہو گئی وہ حبیب رسول خدا تھی کہ ہرگز کسی ا

قبیح بات کا نہیں کی اونکی مصیبت ایسی عظیم ہے کہ تمام دشمنوں کی بینی کو

ذلت پر ملدیگی پہر ان اشعار کو پڑہتی

اِبْکُوا حُسَیْناً فَلِقَتْلِہٖ شَابَ الشَّعَرْ وَلِقَتْلِہٖ زُلْزِلْتُمْ وَلِقَتْلِہٖ نْکَسَفَ الْقَمَرْ

مصیبت حسین میں روو کہ اونکی شہادت سے بال سفید ہو گئی جوان بوڑہ

ہو گئی زمین تہرتہرا گئی ستارے تاریک ہو گئی

وَاحْمَرَّتْ اٰفَاقُ السَّمَاءِ مِنَ الْعَشِیَّۃِ وَالسَّحَرِ وَتَغَیَّرَتْ شَمْسُ الْبِلَادِ

وَاَظْلَمَتِ الْکُوَّرُ ہر صبح و شام اطراف و افق آسمان خونبار ہو

گئی آفتاب متغیر ہوا عالم تاریک ہوا

وَاٰبْنُ فَاطِمَةَ الْمُصَابُ بِهِ الْخَلَائِقُ وَالْبَشَرُ وَاَوْرَثَنَا ذُلًّا بِهِ جَدَعَ

الْاُنُوفُ مَعَ الْقَدَرِ آہ آہ وہ حسین اور وہ مظلوم فرزند فاطمہ زہرا جن

نے تمام خلق کو مصیبت زدہ کیا اور انکی وجہ سے ہمکے سب ذلت خواری میں ہوئے

شیخ مفید علیہ الرحمہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے

کہ ایک مرتبت چند گروہ ملک آپکے خدمت میں آئے انہوں میں سے ہر ایک بلند ناقوں پر سوار تھا

اور ہر ایک نجیب بہشتی پر سوار تھے بعد سلام عرض کیا کہ ای حجت خدا بعد حمد و سپاس

خدا کے ہمکو اکثر مقامات پر آپکے مدد کو بھیجی یعنی مطلب یہ تھا کہ ہمکو

سے اب بھی حکم حاضر ہوئے ہیں کہ اپنی خدمت بجا لائیں مگر اللہ اکبر کیا جواب دیا

آپنے سید شہدا روحی له الفدا نے فرمایا کہ میرا وعدہ گاہ وہ بقعہ ہے جس میں

مجکو شہید کرینگی اور قبر میرے وہیں ہوگی نام اس زمین کا کربلا ہے انہوں نے عرض کیا

جو کچھ حکم ہو بجا لائیں ایا آپکو کسی سے خوف ہے کہ حکم آپکے ہمراہ رہیں فرمایا

اسکا مجکو کوئی قابو نہیں تھے تا وقتیکہ اپنی منزلگاہ پر نہ پہونچوں یعنی مطلب یہ تھا

کہ تمہارے ہمراہ رہنی کی بھی ضرورت نہیں تا وقتیکہ کربلا میں داخل نہو جاوں

سامنا کیا نہیں کر سکتی وہاں سے جبکہ جو حکم خدا ہو ۔ پھر تو ہمکو سے درپیش جا

کر دیا ہے جبتک بیٹھا رہو تو کوئی کام نہیں

پھر ایک گروہ جن خدمت حضرت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے آقا ہمکو گ

آپکے شیعہ اور یاور ہیں جو ارشاد ہو بجا لائیں اگر آپ چاہیں تو ہم تمام دشمن

آپکے ہلاک ہو جاویں اور آپ اپنی مقام پر بالطف رہیں تو ہمکو گر سکتے ہیں

یہ سنکر آپنے فرمایا خدا تمکو جزائے خیر دے کیا تمنے کتاب خدا کیوں نہیں پڑ

جو پر نازل ہوئی ہے اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَ

کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ اور دوسرے مقام پر فرمایا ہے لَبَرَ

کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ یعنی تم جس مقام پر ہو

موت تمکو پا ویگی اگرچہ بروج مشیدہ میں ہوں تم اور جن لوگوں پر کہ قتل

لکھدیا گیا ہے وہ اپنی خوابگاہوں کیطرف ضرور جاوینگے اور اگر میں

مقام پر رہوں تو اس خلق دور از رحمت خدا کا امتحان کیسے ہوگا اور

قبر میں کیونکر نہ ہوگا جانتا ہے خدا نے اوسکو روز پیدائش زمین یا سے کر روز سمجھی لکھ دیا
فرمایا ہے اور میرے شیعوں کا دل وسیلہ مائل کیا ہے اور وہ اونکو واسطے دنیا و
آخرت میں امان ہے مگر تم لوگ روز شنبہ کہ روز عاشورا ہوگا آخر روز آیا
اوسر زمین میں شہید ہوگا میرے بھائی و عزیز شہید کیے جاوینگے میرا سر نیزہ
پر بلند کیا جاویگا شہر بشہر پھرایا جاویگا یزید کے پاس بھیجا جاویگا
اونلوگوں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ اگر ~~سر سنوتا~~ آپکی اطاعت و رغبت والقوم
ہوتے تو ہم آپکے دشمنوں کو قبل آپکے پاس پہونچنے کے مار ڈالتے آپنے فرمایا
ہم تم سے زیادہ قادر ہیں مگر حکمت خدا خلق پر کام ہو جانا چاہئے

ناگاہ جناب ام سلمہ زوجہ محترمہ جناب رسول اللہ آئیں اور فرمایا عراق جانے سے مجھکو
غمگین و محزون نکرو کیونکہ میں نے تمہارے جد بزرگوار کو فرماتے ہوئے سنا ہے یُقتل
وَلَدِی الحُسَیْنُ فِی اَرْضِ العِرَاقِ فِی اَرْضٍ یُقَالُ لَهَا کَرْبَلَا
میرا فرزند مظلوم حسین عراق میں شہید ہوگا کہ نام اوس زمین کا کربلا ہے حضرت نے
فرمایا ای مادر خدا کی قسم میں جانتا ہوں کہ لامحالہ مارا جاونگا اور مجھکو شہید

ہوتے ہیں کوئی چارہ نہیں قسم خدا یہ بھی معلوم ہے کہ کس روز اور کب اور کہاں

بھی شہید کریگی اور کون کون سے اصحاب و اقربا و اہلبیت سے شہید ہونگے اگر

آپ چاہتی ہوں تو اپنی محل قبر کو دکھلاؤں یہ فرما کر آپ نے اشارہ جانب کربلا کیا

تمام زمینیں پست ہوگئیں آپ نے فرمایا یہ مرا مقام دفن ہے یہ وہ مقام ہے

جہاں زخمی ہو کر گرونگا یہ وہ مقام ہے جہاں مرا لشکر رہیگا جناب ام سلمہ

یہ دیکھکر بہت روئیں آپ نے فرمایا یَا اُمَّاہُ قَدْ شَاءَ اللّٰهُ عَزَّ

اَنْ یَرَانِیْ مَقْتُوْلًا مَذْبُوْحًا ظُلْمًا وَّعُدْوَانًا اسی بات کا ارادہ

یہی مقدر فرمایا ہے کہ مجھکو ظلم کی راہ سے شہید کریں وَقَدْ شَاءَ اَنْ یَّرٰی

حَرَمِیْ وَرَهْطِیْ وَنِسَائِیْ مُشَرَّدِیْنَ وَاَطْفَالِیْ مَذْبُوْحِیْنَ

مَظْلُوْمِیْنَ مَاْسُوْرِیْنَ اور میرے (عورتوں) لڑکیاں و حرم محترم کو اسیر و آوارہ

کریں اور میرے اطفال کو ذبح کریں اور غل و زنجیر میں اسیر و دستگیر کریں

یہ لوگ فریاد کرتے ہونگے اور کوئی انکی فریاد رسی نکریگا ہر در ...

جناب ام سلمہ نے فرمایا مجھکو تمہارے جد نے ایک مٹی دی ہے اور وہ شیشی میں ...

میں رکھ چھوڑی تھی حضرت نے بھی ایک مٹھی خاک مقتل پر سے اوٹھا کر
شیشہ میں رکھکر جناب ام سلمہ کے سپرد فرمایا کہ اسکو بھی ہمراہ شیشہ جد امجد
رکھو اور جب خون تازہ سے جوش کرے تو سمجھنا کہ مجکو شہید کیا ہے
وداع فرمایا اور جانب مکہ روانہ ہوئے

بروایت شیخ مفید ۲۸ رجب شب یکشنبہ درمیان شب مدینہ سے روانہ ہوئے
اور تیسرے شعبان کو وارد مکہ ہوئے و بروایت ابن طاؤس وقت روانگی آخر
تیسرے شعبان تھی آپ وقت روانگی از مدینہ یہ آیہ پڑھتے جو صاحب موسیٰ کے
زمین قوم سے بھاگنے میں پڑھا تھا فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَتَرَقَّبُ
قَالَ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ اور راہ بزرگ اختیار فرمایا
متوجہ مکہ ہوئے اور جب وارد مکہ ہوئے تو یہ آیہ پڑھتے وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ
قَالَ عَسَىٰ رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ اور بقیہ شعبان و رمضان
و شوال و ذی قعدہ اور ہشتم روز ذی حجہ کے وہاں بسر کئے اور آٹھویں کو خوف تلف کے جانب کوفہ روانہ ہوئے

اَلْحُسَیْنُ مِنِّیْ وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنِ

حسین علیہ السلام وہ برگزیدہ مقدس ہستی ہے جسکے لئے حضرت ختمی مرتبت فداہ روحی علی رؤس الاشہاد یہ شہادت دے رہے ہیں کہ الحسین الخ جو کہ متفق علیہ ہے

یعنی حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں۔

اس حدیث متفق علیہ سے ظاہر ہے کہ دونوں بزرگوں کی ہستیوں کا وجود ایک دوسرے سے متلازم ہے۔ حدیث شریف کے پہلے جملہ کا مفہوم تو صحیح اور صاف ہے کہ حسین علیہ السلام بضعۂ رسول کے فرزند ہیں اگر رسول نہ ہوتے تو حسین بھی نہ ہوتے اسمیں کسی کو گنجایش اعتراض نہ ہوتی

مگر جملہ ثانیہ غور طلب ہے کہ میں حسین سے ہوں کیا اسکا یہ مفہوم نہیں ہے کہ پیغمبر نے فرمایا اگر حسین دنیا میں نہ آتے تو میں بھی عالم وجود میں نہ آتا۔ اللہ اللہ یہ شان حسینی ہے اور کسقدر عظیم المرتبہ ہستی ہے کہ اگر پیغمبر باعث ایجاد عالم و آدم ہے

تو حسین علیہ السلام بہ اعتراف شہادت پیغمبر صلعم باعث وجود خمسی قربت [illegible]

حل عقدہ

یہ عقدہ اسطرح حل ہو سکتا ہے کہ حسین فرزند رسول صلعم تھے اور رسول خدا
روحی فداہ نسل اسماعیل ذبیح اللہ سے ہیں۔ جب ابراہیم خلیل اللہ حضرت اسمعیل
ذبیح اللہ کو ذبح کرنے کے امتحان میں مبتلا ہوئے ہیں تو آپ نے خدا اس [illegible]
کی تعمیل محض ایک رویائے صادقہ کے بنا پر چاہی۔ خلیل اللہ نے اسماعیل کو
پیرش کے ذبح کرنے میں ہر چند کوشش کی مگر چھری نے بحکم خدا اوس [illegible]
گلو کو نہیں کاٹا۔ خلیل اللہ اسپر نہایت متاسف ہوئے کہ حکم خدا اور تعمیل امر
دیر ہوئی او نہوت خطاب ہوا ای خلیل متاسف کیوں ہو۔ غرض یہ کہ تم
اپنی ہاتھ سے اس فرزند کو خاص میری راہ میں ذبح کرو اپنے جگر کا [illegible]
اور اسطرح تم دونوں اجر عظیم کے مستحق ہوتے او نہوت خطاب ہوا ای خلیل
مَنْ اَحَبَّ الْخَلْقِ اِلَیْکَ کس کو سب سے زیادہ دوست رکھتے ہو لہٰذا [illegible]

محمد یعنی محمد رسول خدا کو سب سے زیادہ دوست رکھتا ہوں ۔ خطاب ہوا فاولادہ احب

الیک من اولادی اے خلیل محمد خاتم الانبیا علیہ السلام کی اولاد کو تم

اپنی اولاد سے زیادہ عزیز رکھتے ہو کہا بیشک پھر خطاب ہوا فانظر الی

ساق العرش اے خلیل ساق عرش کی طرف دیکھو ۔

اہلسنت کی تفسیر کے مطابق خطاب ہوا ارفع راسک فکشف الغطاء فرای

یوم عاشورا اے خلیل اوپر کی طرف دیکھو جب دیکھا تو پردے ہٹا دیے گئے

عاشورا کو خلیل اللہ نے انکھوں سے دیکھ لیا ۔

اسمیں اشارہ تھا اسی خلیل دربار عظمت الہی کی قربانی ایسی محبت مالک سے ہونی

چاہئے کہ حسین کی طرح جملہ تعلقات دنیاوی کو قطع کر دیا جاوے فبکی بکاء الثکلی

اوہو یت وابحات شہادت حسین علیہ السلام کو دیکھ کر خلیل اللہ نے اختیار رو دیے

اوہو یت خطاب ہوا وفدیناہ بذبح عظیم اے خلیل حسین علیہ السلام پر اس مرتبے

بکاء و جزع کو فدیہ قرار دیا اس رونے کا جو تم اسماعیل پر ذبح ہونے کے بعد کرتے

صحیح تو یہ ہے کہ ع سرّ ابراہیم و اسمٰعیل بود - یعنی آن اجمال را تفصیل بود

اب اس سے صاف ظاہر ہوا کہ اس قصہ میں مقصود حسین علیہ السلام کی شہادت تھی

جس نے اسماعیل کو ذبح ہونے سے بچا لیا کیونکہ حسین شہادت اختیار کر چکے تھے

اس لئے یہ ضروری تھا کہ وہ دنیا میں آتے۔ اسی غرض کی تکمیل کیلئے اسماعیل ذبح

ہونے سے بچ گئے اور انکی ذریت ظاہرہ میں حضور ختمی مرتبت صلعم پیدا ہوئے

اور حضور صلعم کی بیٹی سے حسین علیہ السلام دنیا میں آئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اگر حسین علیہ السلام

شہادت اختیار نہ کرتے تو نہ اسماعیل ذبح ہونے سے بچتے نہ انکی نسل سے حضور

پیدا ہو سکتے۔ اسلئے حضور صلعم نے فرمایا وانا من الحسین کہ اگر حسین مجھ سے ہے

تو میں بھی حسین کا ہوں یعنی حسین کے ذریعے سے ہوں کہ انکی شہادت

کے سبب اسماعیل بچ گئے اور انکی ذریت سے میں وجود میں آیا۔ پس اگر دنیا میں

حسین نہ ہوتے۔ صحیح ہے ع خون او تفسیر این اسرار کرد   ملت خوابیده را بیدار کرد

مزید بریں اس حدیث کی شرح کی ایک اور وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ حضور ختمی مرتبت

کی خلقت اور بعثت اسلئے ہوئی کہ آپ انس و جن کی اصلاح کریں انکو ہدایت فرمائیں عالم کو

سکھلائیں اور انکے اخلاق و معاشرت کو سنواریں جیسا کہ قرآن کریم و حدیث سے ثابت ہے

يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ الخ کہ رسول خدا آیتیں

پڑھ کر سناتا ہے انکو پاک پاکیزہ کرتا ہے اور کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ حدیث بھی ہے جس میں

حضور صلعم نے اپنی بعثت کی علت خود بیان فرمادی ہے اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ

یعنی میری بعثت کی غرض یہ ہے کہ میں لوگوں کو ہدایت کروں اور انکی اخلاق کی اصلاح کروں

اب غور کرو کہ یزید کے زمانہ میں پیغمبر اسلام علیہ والسلام کی خلقت اور بعثت کی یہ علت معدوم

ہو چکی تھی اوسنے تمام احکام اسلام کو ضائع کر دیا تھا جسکے وجہ سے علاوہ [illegible] خلق خدا راہ مستقیم

قطعی منحرف ہو رہی تھی دو دن چلتے تو یہی دین اسلام کا نام صرف نام تھا اسلام کو کوئی کام باقی

نہ رہا تھا۔ امیر شام رب الخمر رأس الفجور (یزید) کی امیر بیعت اگر امام حسین بیعت کر لیتے تو اسلام

کا نام آج یقیناً صفحہ ہستی پر باقی نہ رہتا۔ مگر حسین نے وہ شہادت کو حاصل کر کے پھر

دین اسلام کو زندہ کر دیا بلکہ قیامت تک آنیوالی نسلوں کی ہدایت کے لئے اپنی شہادت

اسلام کی صداقت پر ایسی نہ ٹوٹنے والی مہر کر دی اور قیامت تک اپنی شہادت کو ایک

نہایت روشن مینار کی طرح دلیل و برہان کی صورت میں پیش کردیا یا اونکی شہادت کے

واقعات عجیبہ کو یہ سن کر فرزندانِ اسلام ہدایت حاصل کرتے رہیں اور اسلام کے جلوہ

اور صراط مستقیم کو معلوم کرتے رہے اونکے سامنے کوئی رکاوٹ باقی نہ رہے پس

بعثت رسول کی تھی چونکہ اب شہادت حسین سے حاصل ہوئی اس لئے حضرت نے پہلے ہی فرمایا

وانا من الحسین کہ میں بھی حسین سے ہوں کہ حسین علیہ السلام اپنی شہادت کے سبب

سے وجود اور علت بعثت کا باعث اور دین اسلام کے بقا اور ارتقا کے سبب ہیں

جیسا کہ میں اسکے وجود کا سبب ہوا ہوں ۔

اس حدیث کے شرح میں ایک اور وجہ بھی ہوسکتی ہے کہ جب ایک چیز کے فلاں

دو چار پانچ میں تقسیم کر دے جائیں تو اوسکے ہر حصہ کے متعلق یہ بات صحیح اور

کہ یہ حصہ اسمیں سے ہے اور وہ حصہ دوسرے میں سے ہے ۔ الف لینے سے ان تمام حصوں

ذرات کی طرف اشارہ ہوتا ہے اسی طرح جب حقیقی حد تخمینوں سے

کہ حقیقت خمسہ پنجتن پاک کا عالم انوار میں ایک ہی نور تھا تو لطف ہوا عالم اجسام

محمد

محمد و علی فاطمہ حسن اور حسین علیہم السلام کے پانچ صورتوں میں تقسیم ہوگیا ہے پھر
حضور ختمی مرتبت صلعم نے ارشاد الحسین منی وانا من الحسین اسی راز سے
پردہ اوٹھایا ہے کہ حسین علیہ السلام محمد سے اور میں حسین سے ہوں یعنی میری
اور اوسکی حقیقت اصلیہ (نور) ایک ہے اگر ظاہری کچھ فرق ہے تو بس
اسیقدر کہ مجھے خلعت نبوت و رسالت پہنایا گیا اور حسین علیہ السلام کو لباس
امامت و خلافت سے جیسا کہ شبیہ مانند اون دو روشن شمعوں کے کہ
جن میں سے ایک کا فانوس تو مثلا سبز ہو اور دوسرے کا فانوس سرخ رنگ کا ہو
ان مختلف الالوان فانوسوں کے سبب سے تو اُنکی ماہیت اور حقیقت شمع میں
فرق نہیں آسکتا ہے تو اسی فانوس نبوت اور امامت کے اصلیت و حقیقت
میں پھر کیونکر فرق آسکتا ہے لہذا یہ سب حضرات در حقیقت ایک
ہی ہیں صرف نقطہ نبوت کے سوا انکیں کوئی فرق نہ تھا امامی حدیث اللہ

اولنا محمد و اوسطنا محمد و آخرنا محمد و کلنا محمد

سب خوارق و حقیقت متحد ہیں اگرچہ شان و صفات کبھی مختلف ہیں اسکے

عشق کا محبوب ہونا اور محبوب کا عشق ہونا سچا اور نہایت صحیح ارشاد

ہے مگر نا اہلوں کی اوس کی حقیقت کو سمجھنا ہیچ ہے

چون حلاوت شده از آن گسیخت . حرمت راز برانداخت کام ریخت

مولانا سید علی خاوری از سبزوار

ذکر بعض تراکیب تیاری شیرینی

چنانچہ راقم منظور حسین ولد میر حسن علی مرحوم بوجہ ناواقفی سمان حلوائی کے جو صاحب
حاصل کرکے تحریر کیا ہے

ترکیب جلیبی

الائچی ملان سمندر پھین عرق جوشاندہ تخم لف

عرق میں دونوں چیزیں پیس کر حل کریں اور میدہ یا دیگر گوندھیں

کہ مثل گلگلے کے آٹے کے ہو اور تھوڑی سی یہ مصالحہ ڈال کر گھنٹہ تک بیٹھیں

اور تین گھنٹہ تک رکھا چھوڑیں کہ خمیر اس عرصہ میں اٹھ آوے گا۔ اگر ہمراہ

سمندر پھین مذکورہ کے تاتا شنہ ایک دو عدد ڈال سکیں تو اور بھی بہتر ہے

ورنہ اجزاے مذکورہ کافی ہیں۔ اور اگر کسی پہ اجزا نہ ملیں تو خمیر اردو کو

گھول کر چھان کر میدہ میں ملا دیں۔

اور قوام شکر علیحدہ تیار کریں یعنی اس حد پر کہ جیسے آجاوے لیکن نہ جم جاوے

سرخ انار وغیرہ کا ہوتا ہے - پھر قوام کو ٹھنڈا کر لیں -
جسوقت خمیر میدہ کا ہو جاوے اوسوقت چولھے پر کڑاہی میں گھی ڈالیں
اور شکل جلیبی بنا لیں تا وقتیکہ بادامی رنگت آنے پر نکال کر قوام
میں ڈالدیں -

خرما یعنی شکر پارہ

سیر بھر میدہ میں آدھ پاو روغن زرد ڈالنا چاہیے اور مثل پوری کے
آٹے کے قوام سخت گوندھا جاوے تا کہ ذریعہ بیلن کے بڑھ سکیں
بعدہ خرما کاٹ کر رکھیں اور گھی میں تل کر قوام غلیظ شکر میں ڈالتے
جاویں -

شکر پارہ انداز بازاری

میدہ کو سخت گوندھ کر روٹی بنا کر شکر پارہ کاٹ کر خشک کر کے
رکھ لیتے ہیں جب منظور ہوا تھوڑے گھی میں بھون کر شیرہ میں ڈالدیں
سفید سفید ہو جاوینگے مگر سخت ہوں -

امرتی

دال ماش مقشر و مصفی کو چن کر چہلکہ وغیرہ سے پاک کرکے ایک کپڑا سفت بار مثلاً . پہر رکہہ کر اوسکے نمی کو فی الجملہ دور کریں جب پہریری ہو جاوے تو بہت باریک پیسیں کہ ریزہ نہ رہجاوے پہر ایک گہنٹہ تک رکہہ چہوڑیں (کہ اس صورت میں ضرورت کم پہینٹنے کی ہوگی) یا اوسیوقت سے آدہ گہنٹہ تک پہینٹیں (پہینٹنے کی تعریف یہ ہے کہ اس طور سے ہو کہ باریک ٹکڑے سے نہ ملے مخفف بہت باریک ہو اور پانی کا جزو شریک نہ ہو)

جب دال ایسی ہوئی میں فی الجملہ رقت آجاوے تو ایک کپڑا گزی کا دوہرا کرکے اوسکے وسط میں سوراخ یعنی کاج بنا کر آدہ پاو کا لوندا رکہہ کر گہی گرم شدہ میں گرادیں اور بصورت امرتی بنادیں اور بدستور معمول قوام میں . ڈالیں۔ اسکا بہی قوام مثل جلیبی رہیگا

گلاب جامن

ازالہ رکھی خانصاحب

کھویا   میدہ   میدہ اس سے زیادہ اچھا نہ ہیگا گو بازار والے
ـ بار   ـ بار
زیادہ کرتے ہیں اور اگر خالی کھویا کی بناویں تو نہایت خستہ ہوگی۔
بعد ہر طور پھینٹ کر ٹکیہ بناکر روغن زرد گرم میں تلاویں مگر کفگیر
حرکت دینے والا جب سے اُلٹ جاتا ہے ٹکیوں میں نہ لگے بلکہ
کٹورے روغن سے ٹکیہ تک کو حرکت ہو تا اینکہ جب ٹکیہ پھول
جاویں او سوقت شیرہ میں ڈالتے جاویں۔

لڈو بوندی

بیسن آرد برنج دونون کو ملا کر گوندھین اور اگر خستگی منظور ہو
تو روغن زرد مثل شکرپارہ وغیرہ کے قبل گوندھنے کے ملاوین
پھر بعد کو پیسٹ کر پونا مین رکھین اور روغن زرد مین چھاڑین
اور بعد پک جانے بندیا یعنی سول جانے کے قوام مین ڈالین مگر قوام
اسکا جلیبی و امرتی سے سخت رہیگا کہ اگر علحدہ کرین تو دانہ
پڑ جاوے - اگر بوندیان منظور ہین تو قوام رقیق مثل جلیبی رہیگا اور
اگر لڈو منظور ہے تو فی الجملہ سختی رہنا چاہیے کہ دانہ پڑ جاوے اور
بعد دانہ پڑنے کے [لہ] قوام کو کڑاھی مین دیکر حاصل کیا ہو لڈو
باندھ لین - لڈو بنانا ہو تو سیر بھر بیسن مین ڈیڑھ سیر شکر چاہیے

[لہ] یعنی قوام کو کڑاھی مین برابر چارون طرف پھیرتے جاوین اور جب ہوا پہنچے خشک ہو جاوے تو کھرچ کر پھر ڈالین تا اینکہ غلیظ ہو جاوے پھر اسکو جمع بوندیان باندھ لین

وہ بقول اللہ رکھی خانصاحب اگر لطافت منظور ہو تو روا بزرگی کا
شریک کریں ۔
خانصاحب مذکور کا تجربہ ہے کہ بندیا بلا زردی نہایت خوب ہوتی ہے اور
ہاتھ اوسکے کم ۔ ترکیب یہ ہے کہ میدہ بیسن میں پانچ چار انڈے
کی زردی حل کر کے خوب پھینٹیں جب اسقدر ہو جاوے کہ خود سے
ٹپکے تو پونا میں رکھ کر گھی خوب گرم و تیز میں جھاڑیں تا کہ بیچ
اوپر ہوتی رہے اور بعد ہو نکال کر شیرہ میں ڈالتے جاویں ۔

بوندیا کم خرچ

بیسن مذکور بجائے گھی کے پانی خوب گرم و تیز میں کہ ماہی توا
پر ہو پکا کر پھر دوسرے روغن میں بھون کر چاشنی میں ڈالیں

پیڑا

کھویا کو خوب کس لیں مگر جلنے نپاوے اور دست چھوڑ دے
— بار بار ہلا

پھر گرمی کی حالت میں اگر خوش کیفیت کرنا چاہیں تو پکے ہوے کھویا

میں آرد برنج ایک چھٹانک دیدیں اور خوب کفچہ سے ملا کر

ٹھنڈا کر لیں۔ ورنہ یونہی طور سے ٹھنڈا کر لیں۔ مگر بقدر کم

پھر حال جب کچھ گرمی باقی رہے تو شکر سوا پاو اوسکے اندر دیں

اور چھٹانک بھر اوپر کیوا سے رکھ چھوڑیں اور اوپر سے ملا کر تھوڑے

یا مصری یا چینی کمی
اوپر بھی اتنی شکر کمی

پیڑہ بنالیں اور دانہ الایچی و عرق کیوڑہ یا بھوجہ کیوڑہ وغیرہ

ڈالیں —

پیڑہ از البہ رکھی

کھویا کو خوب بھونے اوسکے بعد شکر ڈال دے اور جب مل جاوے تو

نیچے لاو بعد اوسکے باندھ لے —

کھاجہ

از اللہ رکھے خان

دو قسم کا ہوتا ہے ایک کھاجہ دوسرا کھجلہ کھاجہ موٹا ہوتا ہے
اور کھجلہ باریک پرت کا۔ ترکیب یہ ہے کہ
میدہ عمدہ گندم سفید ولیس دار کا لیا جاوے اور نہایت باریک ہو
یعنی میدہ گیہوں کا اور اوسکو مثل قوام چپاتی کے گوندھیں
اور بڑے تختہ پر رکھ کر بیلن سے اوسکو جتنا تنک بیل سکے
بیلا دیں۔ پھر میدہ اور گھی کہ دونوں کو برابر لیکر الگ
رقیق کر رکھا ہو اوسپر لیپ کر مسلیں اور پھر بچھا دیں
پھر گوشہ میدہ چپاتی کو لیکر اور کھینچتے جاویں تاکہ اور پتلا
ہوتا جاوے اور اوسکو لپیٹتے جاویں تاکہ مثل پیڑہ کے
ہو جاوے پھر بیلن سے اسکو چپٹا کریں تاکہ مستطیل اور چپٹا

ہو جاوے پھر اوسکو کھجلے موافق چھری کا کاٹ کر رکھیں اور
گھی میں تل لیں - ٹکلوں کے ٹکے دیتے جاویں پھر قوام
میں ڈالیں کھجلہ تیار ہو جاویگا

برفی

شکر کھویا
اثار اثار

کھویا خوب کس لیں مگر جلنے نپاوے پھر بعد کو اوسکو ریزہ ریزہ کر
رکھ چھوڑیں اور کیوڑہ خراب کی خوشبو دیں - شکر کا قوام
غلیظ کریں جسمیں دانہ پڑ جاوے یعنی قوام کو برابر چلاویں طرف سے پھیرتے
جاویں اور جب بند خشک ہوتا جاوے تو اوسکو کھیچ کر اوسی قوام
میں ڈالتے جاویں اور کھویا پیسیر کی تہ کرتے رہیں تا اینکہ اسقدر ریت باقی رہے

کہ کھویا بلا لگیں اور تھوڑا کھویا ڈالیں اور اوسکو حل کریں جب کھویا
حل ہو جاوے تو اوسکو ظرف میں (جسکو پہلے سے گرم کر لیا ہو) رکھکر
ٹھنڈا کرلیں پھر چاقو سے تراش لیں ۔

برفی از اللہ رکھی خان

کھویا ۔ شکر اور شکر کی مقدار اس سے زیادہ ہونا چاہیے گو بازار والے
بغرض نفع خود زیادہ بھی دیتے ہیں ۔ اولش شکر کا قوام یعنی چاشنی ایسی
تار ڈھی اوتارے کہ گولی بندھ سکے بعد اوسکے کھویا عمدہ یعنی ... ڈالے
اور گھما دیا جاوے اوسکو پھر یعنی دانہ دار کرکے اوس چاشنی میں
شکر کم کریں اور خوب گھوٹے ملا دیں یہاں تک کہ یکذات ہو کر
رقیق ہو جاوے پھر ایک طرف میں رکھ کر بند کر دے ۔ چار پہر میں جم
جاویگا سماڈے کر برفی بنا لے اور اگر چاہے خوشبو کیواسطے عطر ڈالدے

بالوشاہی

میدہ · بار   روغن زرد کہ بار

میدہ کو ہمراہ روغن زرد ملا کر بجائے پانی کے دودھ سے گوندھیں اور ٹکیہ بنا کر بہت آہستگی سے روغن زرد میں جو بمقدار تلنے کے کڑاہی میں گرم ہو ڈالیں اور بریان کر کے ٹکیہ نکالیں اور قوام شکر غلیظ کر کے کڑاہی میں تیار رکھیں پہلے ٹکیہ ڈالیں اور جب ہوائے خشک ہو جاوے تو کیچ کڑاہی میں ڈالتے جاویں تا آنکہ اسقدر رہ جاوے کہ آدھی کڑاہی میں ٹکیہ ڈال کر کڑاہی کو ہلاتے جاویں تا آنکہ ٹکیوں پر شیرینی جم جاوے

بالوشاہی از شاگرد نیفس آبادی الہی بخش خان

میدہ آثار   روغن زرد کہ بار ملا کر بذریعہ پانی کے گوندھیں (قاعدہ یہ ہے کہ جسقدر گھی اندر پڑیگا اوتنا ہی پکانے میں جذب کریگا — یہ — کا قاعدہ

آخر میں اسمیں فی سیر تین پاؤ تک خرچ ہوجاویگا یعنی لطف اندر

اور لطف باجود ہے مگر بھدہ ہوگا اور بہت بہت اندرسے

نمایاں ہونگے — اور اس سے کم فی سیر پاؤ بھر آدہ پاؤ تک

اندرسے قتل بازار والوں کے دیکھتے ہیں)

بہر طور بعد گوندھنے کے ٹکیہ بناکر روغن زرد میں پکاویں جب

قریب بادامی رنگ کے ہوجاویں نکال کر قوام میں ڈالدیں بعد چھنے

کے بہتر تاکہ شیرینی جم سکے) والیس

اندرسا

چینی کا قوام کریں جب جلیبی کے قوام سے گاڑھا ہوجاوے تو وہی آدھ سیر

میدہ چاول کا اوسمیں چھوڑکر پکاویں اور چلاویں جب گولی بندہ جاوے

تو اُتار کر ٹکیہ یا گولی بناکر گھی وغیرہ میں تل لیں — فصل

بارش کے علاوہ اور زمانہ میں بھی تیار ہو سکتا ہے لیکن رواج
زیادہ تر بارش میں ہے ۔ گو پانی میں قید آب باران کی
کرتے ہیں مگر اصل میں کچھ قید نہیں ہے ۔

ترکیب اغذیہ منسوخہ حاصل کردہ منظر حسین ولد میر سید علی مرحوم
از احباب ذوی الکرام

شش رنگہ

اول کدو یا ککڑی یا گاجر کو چھیل کر کدو کش سے ریشہ نکالیں

جب ریشہ نکل آوے تو اوسکے پانی کو ہاتھ سے دبا کر نکال ڈالیں

اور کپڑے وغیرہ پر ڈال دیں کہ رطوبت ہوا میں جذب ہو جاوے

تب گھی بھر روغن زرد میں وبدرے نمک بطور ذائقہ دیکر بھونیں جب

فی الجملہ سرخی مائل ہو اوتار کر شوربے پانی ڈال کر خفیف سی

آنچ سے پکا دیں جب گل جاوے تو شکر سفید کو شوربے پانی میں

مگر چاول ملتی کا قوام کر کے گھول کر ڈالیں اور تھوڑی سی ترشی ڈالیں اور چکھیں جب شکر گل

ورنہ شیرہ دہی ہو جاویگا

چکھی ہو تو ملے ہوے چینی میں ملا دیں جب فی الجملہ قوام آجاوے

تو انڈے بعد سفیدی یا نیم سفیدی ڈالدیں اور بعد کو مرچ سیاہ

ولونگ وغیرہ یعنی گرم مصالحہ ڈالدیں پھر کسقدر اسکو دم پر رکھکر اوتار لیں

آکہا فرا لتصدق فیض مرشد آغا مرزا محمد ہمام

سوئیں انڈا

زردہ و سفیدہ مرغ کو پھینٹ کر رکھیں اور ایک کپڑا جو نہایت سفید و ملائم ہو اوس کو دو حصہ یعنی دو تہ کر کے تا کہ پھٹ نہ جاوے اور بیچ میں سوراخ کر کے زردہ کو اوسمیں رکھیں اور دبا دیں تا کہ سوراخوں سے زردی مثل سوئیں کے نکل پڑے اور ہاتھ کو مثل دائرہ حرکت گھی گرم شدہ پر دیں تا کہ وہ گھی میں سخت ہو جاوے پھر وہ بچہ اوس تار قوام میں ڈالدیں۔

کباب لقمہ حریرہ و ترلوز

رول بن کو سخت جا کے فصل میں کہ خوب چکنا ہو گول یا حسب شکل کاچ میں فاکہ بنا لیں اور دس سیر گوشت سے بیس کے قریب کباب ہو سکیں گے) قیمہ بقدر ضخامت ایک یا دو انگشت لگا دیں

اور گرم پانی میں ڈالیں اور آگ سے گرمی پہونچاویں تاکہ
بعد جل جانے پانی کے گھی مسامات کے ذریعہ سے نکلیگا
اور اوسمیں بریان ہوگا - لطف یہ کہ اندر سے خالی ہوگا
اور باہر سے بڑا معلوم ہوگا

از مرتضی حسین گنگوہی

سرکہ اچار شیریں

آنب مسلّم کو پوست سے صاف کرکے چار حصہ کرکے اندر کا تخم
یعنی گٹھلی کو نکال کر سرکہ میں (کہ اوسمیں پودینہ ڈال کر جوش
دے رکھا ہو یا خالی جوش دیا ہو) ڈالیں اور اگر سرکہ میں
پودینہ کو جوش نہ دیا ہو تو سوکھی ہری پتی پودینہ کی چھوڑ دیں پھر

نمک لیں پیچ سرخ اور گرمی کتھہ ہر دو شبت سرکہ و پیاز کے ادرک

کے شیرہ شہابی کا دیں اور خوشبو کے واسطے جوز

۲ عدد

فاوتری تولہ لونگ ۳ ماشہ لونڈ ۵ عدد سرکہ میں بھگو کر یا ہمسات شش

دیں اور جب ہفتہ دو ہفتہ میں پانی تیار ہو جاوے

تو قند سیاہ جو نہایت قند ہو ویسے ہی بلا جوش شامل

کریں —

ترکیب بادام کے گلا دینے کی

درخت جرجیر یعنی لٹ زیرہ کو لا کر خشک کرکے جلا کر خاکستر بر

تمام خاکستر کو پانی میں گھول کر پانی مقطر لیں پھر جوش دیں تا آنکہ (اوس کو)

تہائی باقی رہ جاوے نمک بقدر دو دو شت دیوے پانی میں ڈال کر مغز بادام

اوس میں ڈالیں اور جوش کریں بعد ہوش دیر کے پھر نکالیں اور دیکھیں اگر

گل گئے ہوں تو پھینٹنا ورنہ دوبارہ بطور مذکور جوش دیں — گھلنے

کے بعد خالص مصری میں جوش دے لیں تاکہ اندر تک داخل ہو جاوے

پھر حسب خواہش چاہیں شربت پاک کریں —

ترکیب بالائی کی — سیر بھر دودھ میں قریب تکیاوں کے ابر ہو سکتے

اول دودھ کو ظرف کشادہ میں رکھ کر گرم کریں پھر کم سے کم ایک

سینک کو رکھیں تاکہ تہ بہ تہ دودھ میں ڈالیں یا دو ایک قطرہ گھی

کا ڈالیں اور جو کچھ اوپر مثل ملائی جمع ہو جاوے پیالہ دوسرے ظرف

میں جمع کرتے جاویں —

ترکیب اندرا کلان مسلم و پختہ دکھانے کی

پہلے انڈوں کو توڑ کر سفیدی و زردی علیحدہ کر کے زمین پر تھالی پر رکھ

یا تاگے کو مضبوط گرہ دیں پھر گرم پانی میں ڈال کر دم ہونے والا

دیں

تاکہ کثافت زائل ہو جاوے پھر الف سفیدی ڈالیں اور اگر گرم پانی میں

رکھیں وہ منجمد ہو جاویگی پھر زردی کو پھینٹ کر ڈالیں اور گرم پانی میں

رکھیں جب وہ منجمد ہو جاوے تو پھر اوپر سے سفیدی ڈال کر بطور

اوپر سے پختہ کر کے رکھیں اور قتلہ کو پھر ڈال کر اٹھا بطورہ نکالیں

ترکیب روٹی دودھ (بطور چاینز)

درخت کھنگی یہ مشہور درخت ہے کہنہ و گندہ لاکر اوسکے دودھ کی

بنوالیں ۔ اور دودھ کو دیگچی میں آگ پر رکھیں اور اوس دودھ کی

حرکت دیتے جاویں جب دودھ مثل آٹا کے گوندھنے کے ہو جاوے

تو روٹی پکالیں ۔ (بطور حرام سے)

غدود یعنی حرام مغز کو تو اوپر رکھ کر حالت گرمی میں پھیلاویں پھر دودھ کو

ڈالیں لالی یہ جم جاویگا اسی طور سے پلٹ دیں روٹی ہو جاویگی